## ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل گوجرہ میں مسیحی آبادی پر حملے املاک اورخواتین اوربچوں کوزندہ جلائے جانے کے واقعات وحشت وبربریت کی بدترین مثال ہیں۔الطاف حسین

## انسانیت پریقین رکھنے والا کوئی بھی فرد بربریت کے ان مذموم واقعات کی حمایت نہیں کرسکتا

## درندہ صفت حملہ آوروں کوگرفتار کیا جائے اور مسیحی آبادی کوجان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے

## اس قسم کے مذموم واقعات کا سدباب کیا جائے کیونکہ یہ واقعات دنیا میں پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں

## مسیحی برادری سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی، بربریت کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔یکم اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل گوجرہ میں مسلح افراد کی جانب سے مسیحی آبادی پر حملے، گھروں اور املاک کو آگ لگانے اور خواتین اور بچوں سمیت کئی افراد کو زندہ جلائے جانے کے دلخراش واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گھروں پر حملے اور املاک سمیت خواتین اور بچوں کو زندہ جلائے جانے کے یہ واقعات وحشت وبربریت کی بدترین مثال ہیں اور انسانیت پر یقین رکھنے والا کوئی بھی فرد بربریت کے ان مذموم واقعات کی حمایت نہیں کرسکتا۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ گوجرہ میں مسیحی آبادی پر حملے اور گھروں اور معصوم وبے گناہ عورتوں اور بچوں کو زندہ جلانے میں ملوث درندہ صفت حملہ آوروں کو گرفتار کیا جائے اور مسیحی آبادی کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے ۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا کہ پاکستان کے تمام شہروں میں آباد تمام مذہبی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور اس قسم کے مذموم واقعات کا سدباب کیا جائے کیونکہ یہ واقعات دنیا میں پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے گوجرہ کی مسیحی برادری سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا اور بربریت کے ان واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی بھی دعا کی ۔

## مسلح دہشت گردوں نے ملیر میں حق پرست نائب یوسی ناظم اور ماڈل کالونی میں کارکن محمد راشد کو فائرنگ کرکے شہید کردیا

## اسپتال کی فضاءسوگوار، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی دیگر شہادت کی اطلاع ملتے ہی اسپتال پہنچ گئے، سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کی

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے ہفتہ کے روز فائرنگ کرکے ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض ولد رانا رمضان اور ماڈل کالونی میں ایم کیوایم PPOC یوسی 1 کے کارکن محمد راشد ولد مشتاق احمد ظفر کو فائرنگ کرکے بیدردی سے قتل کردیا۔تفصیلات کے مطابق ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب ناظم رانا ریاض کھوکھراپار نمبر 2 پاک کوثر ٹاؤن میں کھڑے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کرکے جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئے ۔انہیں فوری طور پر جناح اسپتال لیجایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی شہید ہوگئے ۔شہید کی عمر 50 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، ایک لڑکا اور ایک لڑکی شامل ہے ۔دہشت گردی کے دوسرے واقعہ میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم PPOC یونٹ یوسی 1 کے کارکن محمد راشد کو ماڈل کالونی میں میں فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے ۔محمد راشد شہید کی عمر 22 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین اور سات بہن بھائی شامل ہیں۔ رانا ریاض اور محمد راشد کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈووکیٹ، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی وسیم احمد، ریحان ظفر، ملیر ٹاؤن کے حق پرست نگراں ٹاؤن ناظم ندیم راضی عباسی، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین عباسی شہید اسپتال اور جناح اسپتال پہنچ گئے ۔اس موقع پر اسپتال کی فضا سوگوار تھی اور شہید کے لواحقین شدت غم سے نڈھال تھے ۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے انہیں دلاسہ دیا اور گلے لگا کر صبر کی تلقین کی ۔ واضح رہے کہ گزشتہ 7 ماہ کے دوران کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے 36 کارکنان منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے شہید کیا جا چکا ہے۔

## ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن راشد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملیرٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض اور ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی ملیر کے کارکن محمد راشد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رانا ریاض شہید اور راشد شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ملیر اور ماڈل کالونی میں کارکنان کے قتل کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی
## کارکنان کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے

کراچی۔۔۔یکم،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملیر میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض اور ماڈل کالونی میں ایم کیوایم PPOC کے کارکن محمد راشد کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے ان واقعات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ مافیا،ڈرگ مافیا اور حقیقی دہشت گردوں نے شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے گٹھ جوڑ کررکھا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ اور جماعت اسلامی کے کونسلر ساجد نذیر کے قتل میں حقیقی دہشت گرد کے ملوث ہونے سے ثابت ہو چکا ہے کہ شہر کا امن کون تباہ کررہا ہے اور آج ایم کیوایم کے مزید دو کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانا اسی سازش کا حصہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے ریاض رانا شہید اور راشد شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔رابطہ کمیٹی صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ رانا ریاض اور محمد راشد کے قتل میں ملوث مسلح دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور سفاک قاتلوں کو عبرتناک سزادی جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے،کشور زہرا

کراچی۔۔۔یکم ءاگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والی خواتین کی ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انھوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے موجودہ دور میں بھرپور اور بلاتفریق ترقیاتی کام کرائے ہیں جن سے مخصوص افراد نہیں بلکہ اجتماعی طور پر تمام مذاہب،قومیتوں اور برادریوں کے افراد استفادہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے کھلے ذہن کا مظاہرہ کیا ہے اور ہر جگہ انھیں مناسب نمائندگی کا حق دیا ہے۔اس موقع پر کومل کشمی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کو سراہا اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کی تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی کامیابی اس کے نظم وضبط میں پنہاں ہے اور یہ ہی نظم وضبط تحریک کی کامیابی کی ضمانت ہے اور کام کرنے کے اس انداز سے متاثر ہوکر ہی اقلیت سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق تحریک میں شامل ہورہے ہیں۔اس موقع پر محترمہ کملا نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون کی یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون یونٹ A-2 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سید عبدالرزاق شاہ کی اہلیہ محترمہ فریدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆